# حکومت میں دو سال کے اختتام پر، پاکستان تحریک انصاف کے لیے عوام کی حمایت جُوں کی تُوں برقرار ہے، تاہم، پاکستان مسلم لیگ (ن) آہستہ آہستہ مضبوطی اختیار کر رہی ہے:

## گیلپ پاکستان پولیٹیکل ویدر رپورٹ-اگست 2020


(اسلام آباد، لاہور، کراچی): اپنے دورِ اقتدار کے دوسرے سال کے اختتام پر، ملکی سطح پر شماریاتی طور پر منتخب 1600 سے زائد دیہی و شہری آبادی سے تعلق رکھنے والے خواتین و حضرات سے سروے کیا گیا اس سروے کے نتائج سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی حمایت تاحال برقرار ہے، جبکہ پاکستان مسلم لیگ نواز کی حمایت آہستہ آہستہ بڑھ رہی ہے۔اس سروے کے نتائج سے اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ کوویڈ 19 سے پہلے معاشی بدحالی/خراب کارکردگی کے حوالے حکومت کے بارے میں جو عوام کے تاثرات تھے اُن تاثرات سے عوام کی توجہ دور کرنے میں کوویڈ 19 فائدہ مند ثابت ہوا۔ اور دوسری جانب کوویڈ 19 کے حوالے سے حکومتی اقدامات کو سراہا گیا۔ تاہم، اس وقت مہنگائی کو ختم کرنا سب سے اہم مسئلہ ہے جس کی نشاندہی عوام نے بھی کی ہے اور یہ موجودہ حکومت کے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے۔ لیکن ابھی اس بات کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا ہے کہ کوویڈ 19 کے ذریعے پیش کردہ مہلت سے حکومت کس حد تک محفوظ رہ سکتی ہے۔

یہ سروے گیلپ پاکستان کی جانب سے گیلپ پولیٹیکل ویدر رپورٹ کے تحت منعقد ہوا، اس سروے کی جانب سے یہ پبلیکیشن 1980 سے شائع ہو رہی ہے۔اس حالیہ سروے میں کوویڈ 19 کے حوالے سے قومی اور صوبائی حکومتوں پر عوام کے اطمینان، دورِ اقتدار میں دوسرے سال کے اختتام پر پاکستان تحریک انصاف کی عوامی حمایت اور اہم قومی رہنماؤں کی پسندیدگی پر درجہ بندی کے حوالے سے سوالات پوچھے گئے۔

اگست 2020 کی رپورٹ کے اہم نتائج درج ذیل ہیں:


**ملک کو درپیش سب سے اہم مسئلہ: 43% آبادی کے لحاظ سے معشیت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر رہی ہے، تاہم 25% شرح کے ساتھ کرپشن دوسرے نمبر پر ہے، کم شرح 23% نے کوویڈ 19 کہا۔**

سوال: آپ کے خیال میں مندرجہ ذیل مسائل میں سے آج پاکستان کو کون سا سب سے اہم مسئلہ درپیش ہے؟




**وفاقی حکومت کا کوویڈ 19 وبائی بیماری سے نمٹنا: 73% پاکستانی کوویڈ 19 سے نمٹنے کے حوالے سے وفاقی حکومت کی کارکردگی سے متعلق مثبت رائے رکھتے ہیں۔ صوبائی حکومت کا کوویڈ 19 وبائی بیماری سے نمٹنا: سب سے زیادہ خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے 68% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس سے نمٹنے کے حوالے سے خیبر پختونخوا کی حکومت کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔**

سوال: آپ مندرجہ ذیل عبارات سے کس حد تک متفق یا غیرمتفق ہیں کہ پاکستان کی وفاقی حکومت کروناوائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے ؟





## کورونا وائرس کو نمٹنے کے حوالے سے صوبائی حکومت کی ریٹنگ

مثبت ریٹنگ





**گزشتہ سال پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی کارکردگی: دہشت گردی کے خاتمے اور حکومت کو چلانے کے حوالے سے سب سے زیادہ اطمینان کا اظہار کیا گیا، مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے سب سے زیادہ تنقید کی گئی۔**

سوال: گذشتہ سال آپ موجودہ حکومت کی مختلف شعبوں میں کارکردگی کے بارے میں کس حد تک مطمئن رہے؟




# پی ٹی ائی کی حکومت کی کارکردگی نیٹ ریٹنگ




**عمران خان کی بطور وزیر اعظم کارکردگی سے مطمئن ہونے کی درجہ بندی: کارکردگی سے مطمئن ہونے کی مخالفت کرنے والوں کی نسبت زیادہ پاکستانی کارکردگی سے مطمئن ہونے کی حمایت کرتے ہیں۔**


سوال: گزشتہ دوسالوں میں عمران خان کی بطوروزیر اعظم مجموعی کارکردگی کے بارے میں آپ کی کیسی رائے ہے ؟




نیٹ = 7%

**کیا پاکستان تحریک انصاف کی حکومت مسلم لیگ (ن) حکومت سے بہتر ہے: اس حوالے سے عوام کی رائے تقسیم شدہ ہے لیکن زیادہ تر پاکستانیوں کے مطابق تحریک انصاف کی حکومت کی کارکردگی پاکستان مسلم لیگ (ن) سے بدتر ہے صرف 5% چھوٹے مارجن کے ساتھ (غلطی کے امکان کا تخمینا)۔ کوویڈ-19 کے وبائی مرض سے پاکستان تحریک انصاف کی مقبولیت کو فروغ ملا ہے: اس تناظر میں 22% کا اضافہ ہے جن کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کی کارکردگی پاکستان مسلم لیگ (ن) سے بہتر ہے۔**

سوال: پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تقریباً اپنے دو سال مکمل کرنے جارہی ہے۔ بعض لوگوں کے خیال میں موجودہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی اب تک کی کارکردگی گذشتہ حکومت مسلم لیگ (ن) سے بہتر ہے، جبکہ بعض لوگوں کے خیال میں خراب ہے۔آپ کی اس کے بارے میں کیا رائے ہے؟



**رہنماؤں کی پسندیدگی کی درجہ بندی: %54 شرح کے ساتھ عمران خان سب سے آگئے لیکن اس کے بعد %51 کے ساتھ دونوں شریف برادارن بھی قریب تر ہے۔**




اس مطالعے کو گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن نے جاری کیا اور یہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے گیلپ ٹیلیفون کے ذریعے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,662 مرد و خواتین سے 09 جولائی تا 19 اگست 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر %95 اعتماد کے ساتھ تقریباً %3 لگایا گیا ہے۔

**_Special Release from Gallup Pakistan_**
_The Pakistani Affiliate of Gallup International_

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, _September 02_, 2020**
_(5 Pages, English version Only)_

**_Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe._**

_Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan._

_Contact us:_

_Phone: +92-51-2655630_
_E-mail:_ caf@gallup.com.pk

**_Disclaimer:_** _Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com_

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)